Presented By: www.jafrilibrary.com

# مدح

ONE TEN MANQBAT

# (مولا امام علیؑ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

## منقبت (قصہ خیبر)

**قصہ خیبر کا سنایا تو برا مان گئے**
**آئینہ اُن کو دِکھایا تو برا مان گئے**

(۱)

درِ زھرؑا کو مدینے میں جلایا کس نے؟
ہم نے جو نام بتایا تو برا مان گئے

(۲)

تذکرہ باغِ اِرم کا وہ کیا کرتے ہی تھے
جب فدک یاد دلایا تو برا مان گئے

(۳)

وقت پڑنے پہ وہ کرتے رَہے حیدرؑ حیدرؑ
حق نے جب مولاؑ بنایا تو برا مان گئے

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۴)

# ہم جو روتے ہیں تو بدعت کی سند ملتی ہے
# قصہء غار سنایا تو برا مان گئے

******

| شاعر اہلبیتؑ : | منقبت خوان: |
| --- | --- |

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

# منقبت (سویرے سویرے)

**حبیبؐ خدا نے علیؑ لافتیٰ کو ہے خیبر بلایا ۔ سویرے سویرے**
**تو باغِ نبیؐ میں بہار آگئی ہے ۔ سویرے سویرے**

(۱)

ٹھہر جا ٹھہر جا اُترنا نہیں ہے ۔ خدا لم یذل کا پیام آگیا ہے
رِکابیں پکڑ کر اُتارے محمدؐ ۔ زمانہ یہ دیکھے امامؑ آگیا ہے
نبیؐ نے ولیؑ کو گلے جب لگایا ۔ بڑا لطف آیا۔سویرے سویرے

(۲)

چلو اے ستارو حکم مل گیا ہے ۔ کسی نے پکارا ہے اللہ اکبر
چشمِ زدن میں آ چمکا زمیں پر ۔ صبح کا ستارا ہے اللہ اکبر
نبیؐ کے دیوانے نظامِ فلک کو ۔ بدل کر دکھایا سویرے سویرے

(۳)

اُٹھو سونے والو عجب سو رہا ہے ۔ یہ سونا تمہاری رَضا بن گئی ہے
یہ تیغوں کا سایا یہ پرکیف منظر ۔ خدا کی قسم یہ اَدا بن گئی ہے
فرشتوں نے آکر خدا کے ولیؑ کو ۔ اداب سے جگایا سویرے سویرے

(۴)

نکلنے کو مچلی تو کانپی ہے دَھرتی ۔ یہ عمرانؑ کا پیارا پسر آگیا ہے
تڑپ کر وہ چمکی چمک کر وہ برسی ۔ قضا کا نظارا نظر آگیا ہے
شیرِ جلیؑ نے نبیؐ کے وصیؑ نے ۔ ہے خیبر اُڑایا سویرے سویرے

******

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

# منقبت (ولائے علیؑ بغیر)

## بے فیض بندگی ہے ولائے علیؑ بغیر
## تاریک زندگی ہے ضیائے علیؑ بغیر

(۱)

زاہد تیری نماز و رِیاضت مگر فضول۔ بے حبِ اہلبیتؑ عبادت سے کیا حصول
ناراض حق ہو ایسی حماقت نہ کر قبول۔ راضی خدا نہ ہوگا۔ رَضائے علیؑ بغیر

(۲)

حیدرؑ کا نام وِرد زباں انبیاءؑ کریں۔ اِس نام کا وظیفہ سدا اولیاء کریں
خیبر میں دیکھو نادِ علیؑ مصطفیٰؐ کریں۔ مشکل نہ حل سکے گی۔ بلائے علیؑ بغیر

(۳)

کہتے بہت کٹھن ہے سفر پل صراط کا۔ بوبکرؓ سے سنو کے پیمبرؐ نے جو کہا
حیدرؑ نوشتہ دیں جسے وہ پار جائے گا۔ کوئی نہیں جو پار لگائے علیؑ بغیر

(۴)

ذکرِ علیؑ و آلؑ ہے سرمایۂ حیات۔ بخشش کی ہے سند یہی پروانۂ نجات
میرا وظیفہ ورد فقط پنجتنؑ کی ذات۔ غیروں کا ذکر مجھ کو نہ۔ بھائے علیؑ بغیر

(۵)

کیا عبدِعلی سنائے فضائل امیرؑ کے۔ خالق کے خانہ زاد نبیؐ کے وزیرؑ کے
لوح و قلم بدست میرے دَستگیر کے۔ بگڑی نہ بن سکے گی۔ بنائے علیؑ بغیر

******

| | |
|---|---|
| شاعر اہلبیتؑ : آغا سید عبدعلی شاہ | منقبت خوان: زوار علی نواز عمرانی |

ONE TEN MANQBAT
Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

# منقبت (ولائے علیؑ بغیر)

**بے فیض بندگی ہے ولائے علیؑ بغیر**
**تاریکِ زندگی ہے ضیائے علیؑ بغیر**

(۱)

زاہد تیری نماز و رِیاضت مگر فضول
بے حبِ اہلبیتؑ عبادت سے کیا حصول
ناراض حق ہو ایسی حماقت نہ کر قبول
راضی خدا نہ ہوگا ۔ رَضائے علیؑ بغیر

(۲)

حیدرؑ کا نام وِرد زباں انبیاءؑ کریں
اِس نام کا وظیفہ سدا اولیاء کریں
خیبر میں دیکھو نادِ علیؑ مصطفیٰؐ کریں
مشکل نہ ٹل سکے گی ۔ بلائے علیؑ بغیر

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۳)

کہتے بہت کٹھن ہے سفر پل صراط کا
بوبکر سے سنو کے پیمبرؐ نے جو کہا
حیدرؑ نوشتہ دیں جسے وہ پار جائے گا
کوئی نہیں جو پار لگائے علیؑ بغیر

(۴)

ذکرِ علیؑ و آلؑ ہے سرمایۂ حیات
بخشش کی ہے سند یہی پروانۂ نجات
میرا وظیفہ ورد فقط پنجتنؑ کی ذات
غیروں کا ذکر مجھ کو نہ ۔ بھائے علیؑ بغیر

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۵)

کیا عبدِ علی سنائے فضائل امیرؑ کے
خالق کے خانہ زاد نبیؐ کے وزیر کے
لوح و قلم بدست میرے دَستگیر کے
بگڑی نہ بن سکے گی بنائے علیؑ بغیر

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

ONE TEN MANQBAT

# مدح

# (مولا محمد مصطفیؐ)

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

# سہرہ (عمرانؑ کے گھر میں)

عمرانؑ کے گھر میں شریعت کی ملکہ دیکھو خدیجہؑ دُلہن بن کے آئی
یاسین کا سہرہ طٰہٰ کی لڑیاں ۔ مزملؐ کے ہاتھوں پہ مہندی لگائی

(۱)

محمدؐ کے سر پر تھا تاجِ رسالتؐ ۔ لکھا تھا دو شانوں پہ ختمِ نبوتؐ
دوپٹہ تھا عمرانؑ کا شمس الضحیٰ کا ۔ اور ہاتھوں میں اعصاء فقط اِنما کا
رئیسہ عرب کی تھی شرم و حیا میں ۔ تھی نبیوںؑ نے کاندھوں پہ ڈولی اُٹھائی

(۲)

سلطان نصیرا کے سائباں لگے تھے ۔ نصرمن اللہ کے قالین بچھے تھے
سراج منیرا کے فانوس تھے کل ۔ بشیراً نذیرا کے لہرائے تھے گل
قناطیں بھی تطہیر کی سب لگیں تھیں ۔ تھی عمرانؑ نے ایسی حویلی سجائی

(۳)

صبحُ قدُوس کے گاؤ ترانے ۔ ھم المفلحون کے لٹاؤ خزانے
شراب طھورا کے ساغر پلاؤ ۔ اور مہماں کو جنت کے کھانے کھلاؤ
ہے بارات اُمِّ آئمہؑ کی جس نے ۔ ہے نبیوںؑ کے کلمے کی عزت بچائی

******

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

# نعت (شاہؐ مدینہ)

## شاہِؐ مدینہ ۔ شاہِؐ مدینہ
## یثرب کے والی ۔ سارے نبیؑ تیرے در کے سوالی

(۱)

جلوے ہیں سارے ۔ تیرے ہی دم سے
آباد عالَم ۔ تیرے کرم سے
باقی ہر اک شے ہے ۔ نقش خیالی

(۲)

تیرے لئے ہی ۔ دنیا بَنی ہے
نیلے فلک کی ۔ چادر تنی ہے
تو اگر نہ ہوتا ۔ دنیا تھی فانی

(۳)

قدموں میں تیرے ۔ عرش بریں ہے
تجھ سا جہاں میں کوئی نہیں ہے
کاندھے پہ تیرے ۔ کملی ہے کالی

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

(۴)

ہے نور تیرا ۔ شمس و قمر میں
تیرے لبوں کی ۔ لالی سحر میں
پھولوں نے تیری ۔ خوشبو چرالی

(۵)

تو نے جہاں کی ۔ محفل سجائی
تاریکیوں میں ۔ شمع جلائی
ہر سمت چھائی ۔ رات یہ کالی

(۶)

مذہب ہے تیرا ۔ سب کی بھلائی
مسلک ہے تیرا ۔ مشکل کشائی
دیکھ اپنی اُمت کی ۔ خستہ حالی

******

| | | | |
|---|---|---|---|
| شاعراھلبیتؑ: | | منقبت خوان: | |

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

# نعت (سرکارؐ کی محفل)

**سرکارِ مصطفیٰؐ کی محفل سجا رَہے ہیں**
**ہم اپنی بخششوں کا ۔ ذریعہ بنا رَہے ہیں**

(۱)

جلتا ہے تو جلے وہ ۔ ہم کو نہیں ہے پروہ
ہم روشنی کی خاطر ۔ شمع جلا رہے ہیں

(۲)

ذھنوں کو جس نے بخشا ۔ لوگو شعورِ ایماں
ہم آج اُس نبیؐ کی ۔ خوشیاں منا رہے ہیں

(۳)

میدانِ خم کا قصہ ۔ اعلان وہ ضروری
نہ بھولنا نبیؐ جو ۔ سب کو بتا رہے ہیں

(۴)

وہ منکر و منافق ۔ یہ تاجدارِ عادل
دیکھو تو وہ نبیؐ کو ۔ خود سے مِلا رہے ہیں

Presented By: www.jafrilibrary.com

Presented By: www.jafrilibrary.com

**(۵)**

ہر گھر میں سج رہے ہیں۔میلاد یہ **علی دیپ**
ہم قطرہ قطرہ کر کے ۔ دریا بنا رہے ہیں

******

| | |
|---|---|
| شاعراھلبیتؑ : علی دیپ رضوی | منقبت خوان: علی دیپ رضوی |

Presented By: www.jafrilibrary.com